India-Bangladesh Maitri Diwas

December 02, 2021

ہندوستان- بنگلہ دیش میتری دیوس

02 دسمبر، 2021

بنگلہ دیش کے قومی دن میں شرکت کے لیے مارچ 2021 میں وزیر اعظم جناب نریندر مودی کے دورہ بنگلہ دیش کے دوران، 06 دسمبر کو میتری دیوس (یوم دوستی) کے طور پر منانے کا فیصلہ کیا گیا۔ بنگلہ دیش کی آزادی سے دس دن پہلے، ہندوستان نے 06 دسمبر 1971 کو بنگلہ دیش کو تسلیم کیا تھا۔ ہندوستان بنگلہ دیش کے ساتھ دو طرفہ سفارتی تعلقات قائم کرنے والے اولین ممالک میں سے ایک تھا۔

2۔ میتری دیوس ڈھاکہ اور دہلی کے علاوہ دنیا کے 18 ممالک میں منایا جا رہا ہے۔ یہ ممالک بیلجیم، کینیڈا، مصر، انڈونیشیا، روس، قطر، سنگاپور، برطانیہ، آسٹریلیا، فرانس، جاپان، ملائیشیا، سعودی عرب، جنوبی افریقہ، سوئٹزرلینڈ، تھائی لینڈ، متحدہ عرب امارات اور امریکہ ہیں۔ میتری دیوس کا انعقاد ہندوستان اور بنگلہ دیش کے لوگوں کے درمیان گہری اور پائیدار دوستی کا عکاس ہے جو خون اور مشترکہ قربانیوں سے جڑی ہوئی ہے۔

نئی دہلی

02 دسمبر، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.